Series SHC/1

Code No. **3/1**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book

- Please check that this question paper contains **6** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **9** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**

URDU (Core)

اُردو (کور)

Time allowed : 3 hours] *[Maximum Marks : 100*

وقت : 3 گھنٹے

کُل نمبر: 100

15 1- مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔

1- محنت کامیابی کی کُنجی ہے۔

2- جُرم تو نہیں فیشن پرست ہونا۔

3- کرکٹ کا جُنون۔

4- دسہرے کا تہوار۔

5- گرمی کی چُھٹیاں۔

P.T.O

2- لائبریرین کے نام درخواست لکھئے، جس میں کہئے کہ لائبریری میں کورس کی کتابوں کی اور کاپیاں منگوائی جائیں۔ 10

یا

اپنے والد صاحب کو خط لکھ کر ٹور پر جانے کے لئے زائد پیسے بھیجنے کی گذارش کیجئے۔

3- درج ذیل عبارت کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیئے اور اِس عبارت کا ایک مناسب عنوان بھی تجویز کیجئے۔ 10

ایک اُستاد کا کام صرف یہیں پر ختم نہیں ہوجاتا کہ اُس نے طلباء کو کچھ حقائق سے آگاہ کردیا، یا مشینی انداز میں لکچر دے دیا بلکہ تعلیم کا مقصد طلبہ کو بحیثیت فرد پروان چڑھانا اور ان کے اندر ذاتی فکر پیدا کرنا ہے۔ یہیں پر اُستاد شاگرد کے رشتے کی اہمیت کا پتہ چلتا ہے، کیونکہ اُستاد شاگرد کے لئے صرف ایک سہارے کی لکڑی نہیں ہے۔ جس سے پودے چمٹ کر پروان چڑھتے ہیں۔ بلکہ اُستاد کی حیثیت ایک ایسے مالی کی ہے جو پودوں کو پانی دیتا ہے اور ان کی نگہداشت کرتا ہے۔

ایک اچھّا اُستاد وہ مانا جاتا ہے، جو اپنے شاگردوں کو اُن کی ذہنی سطح کے مطابق پڑھاتا ہے، کیونکہ طلباء اپنی تعلیمی کامیابی کے لئے اُستاد پر اتنے ہی منحصر ہوتے ہیں۔ جتنا کہ اپنی زندگی گذارنے کے لئے اپنے والدین پر۔ اس لئے ایک اچھّا اُستاد اپنے طلباء کے ساتھ گھُل مِل کر رہتا ہے اور اگر سچ کہا جائے تو اس کی حیثیت طلباء کے لئے ایک دوست ایک عالم اور ایک رہنما کی ہوتی ہے۔

4 - درج ذیل کو جُملوں میں استعمال کریں۔ 5

(i) اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے۔

(ii) آسمان سے گِرا کھجور میں اٹکا۔

(iii) بڑے بول کا سر نیچا۔

(iv) تھالی کا بیگن۔

(v) چَٹ منگنی پَٹ بیاہ۔

5 - مندرجہ ذیل اِقتباسات غور سے پڑھئے اور دیئے گئے سوالوں کے مُختصر جواب لکھیئے۔ 10

(الف)

تیتر اپنا گھونسلہ زمین پر سوکھے پتّوں اور گھاس کے تنکوں سے مِلاکر بناتا ہے۔ جو عام طور پر کھیت میں ہل چلنے سے بننے والی نالیوں میں کسی چھوٹے گڑھے کے اندر یا پھر گھاس کے میدان یا جھاڑیوں کی جڑ کے آس پاس پہلے سے موجود کسی گڑھے میں ہوتے ہیں۔ اس کا گھونسلہ زمین سے اُبھرا ہوا نہیں ہوتا، اس لیئے قریب سے گذر جانے پر بھی نگاہ نہیں پڑتی اور مادہ تیتر دوسروں کی نگاہوں سے چھُپ کر اطمینان سے اپنے انڈوں پر بیٹھی رہتی ہے۔

بھُورے تیتر کے انڈوں کا رنگ سبزی مائل پیلا اور کالے تیتر کے انڈوں کا ہلکا سبزی مائل بھُورا ہوتا ہے۔ تعداد میں بھُورے کے آٹھ سے بارہ اور کالے کے چھ سے آٹھ کے قریب انڈے ہوتے ہیں۔ مرغی کے بچّوں کی طرح تیتر کے بچے بھی انڈوں سے نکلتے ہی بھاگنے دوڑنے لگ جاتے ہیں۔ لیکن چلنے پھرنے کے قابل ہونے کے باوجود ماں باپ بچّوں کو کچھ دن کھیت سے باہر کھلے میدان میں نہیں لاتے، بلکہ کھیت کے اندر ہی کھانے کی چیزیں تلاش کرکے اُنہیں وہاں تک لے جاتے ہیں۔ ایسے میں روئیں دار گول مٹول ننھّے مُنّے بچے بڑے ہی خوبصورت لگتے ہیں اور جی چاہتا ہے کہ بس دیکھتے ہی رہیں۔

(i) تیتر اپنا گھونسلہ کن چیزوں سے بناتا ہے؟

(ii) قریب سے گذر جانے پر بھی تیتر کے گھونسلے پر نگاہ کیوں نہیں پڑتی؟

(iii) کالے رنگ کے تیتر کے انڈے کس رنگ کے ہوتے ہیں؟

(iv) بھورا تیتر ایک بار میں کتنے انڈے دیتا ہے؟

(v) تیتر کے چھوٹے بچے کیسے لگتے ہیں؟

(ب)

لومڑیاں تقریباً پوری دنیا میں پائی جاتی ہیں۔ لیکن یہ سب ایک جیسی نہیں ہوتیں۔ موسموں اور آب و ہوا کے اعتبار سے اُن کے بالوں کے سائز، بالوں کی رنگت، قد اور شکلوں میں فرق ہوتا ہے۔ اسی بُنیاد پر لومڑیوں کی بہت سی قسمیں بتائی گئی ہیں۔ حیوانات کی سائنس کے مطابق یہ کتّے کی نسل سے تعلق رکھتی ہیں۔ یعنی اس نسل سے جن میں جنگلی کتّے، گیدڑ، بھیڑیئے، لکڑ بگھے (چرخ) آتے ہیں۔ اس کے باوجود دیکھنے میں نہ یہ کتّے جیسی ہوتی ہیں اور نہ بھیڑئے اور گیدڑ جیسی، بلکہ کوئی الگ ہی نسل معلوم ہوتی ہیں ۔ مثلاً لومڑی کی تھوتھنی کتّے کی نسل کے دوسرے جانوروں کی طرح لمبوتری نہیں ہوتی۔ دوسرے جانوروں کی ٹانگیں ان کے جسموں کے مطابق ہوتی ہیں، لیکن لومڑی کی ٹانگیں اس کے جسم کے تناسب سے ذرا چھوٹی ہوتی ہیں۔ اِس نسل کے دوسرے جانوروں کے برعکس لومڑی کی دُم بھی لمبی اور گچھے دار ہوتی ہے۔ ایک اور اہم فرق اس کی آنکھوں کا ہے۔ لومڑی کی آنکھ کی پُتلیاں بلّی جیسی ہوتی ہیں۔ جو دن میں سُکڑ جاتی ہیں اور رات یا اندھیرا ہو تو پھیل جاتی ہیں۔ یہ خوبی اس نسل کے دوسرے جانوروں میں نہیں ملے گی۔ شکل و صورت اور چال ڈھال میں بھی لومڑیاں جنگلی کتّوں، بھیڑیوں، گیدڑ اور لکڑ بگھے کے مُقابلے ذرا اچھی شکل کی ہوتی ہیں۔

(i) لومڑیاں دنیا میں کہاں کہاں پائی جاتی ہیں؟

(ii) لومڑیاں جانوروں کی کس نسل سے تعلق رکھتی ہیں؟

(iii) لومڑیوں کی ٹانگیں کیسی ہوتی ہیں؟

(iv) لومڑیوں کی آنکھوں کی کیا خصوصیت ہے؟

(v) شکل و صورت اور چال ڈھال میں لومڑیاں کیسی ہوتی ہیں؟

6۔ سیّد اور دوسرے لوگ جب جھاڑیوں میں چھپ کر بیٹھے تھے تو پانی کے گڈھے پر پانی پینے کے لئے کون کون سے جانور آئے مفصل سے لکھئے۔ 10

7۔ ذیل کے سوالات کے جوابات مختصر تحریر کیجئے۔ 20

(i) لوگ ڈاک بنگلے کے اندر نہ سوکر اس کے صحن میں کیوں سوئے؟

(ii) دوسرے ریچھ کے آجانے کے بعد وکیل صاحب اور ان کے ساتھی نے کیا کیا؟

(iii) گوالوں کی جھونپڑیوں سے رات میں عورتوں کے رونے کی آواز کیوں آرہی تھی؟

(iv) کانگڑا کس نسل کا جانور ہے؟

(v) رات میں جیپ جنگل میں چلنا شروع ہوئی تو جنگل کیسا لگ رہا تھا؟

8 - ڈراما "ہیروئن کی تلاش" کی کہانی کی خصوصیات تفصیل سے لکھئے۔ 10

یا

ڈراما "ہیروئن کی تلاش" میں سب سے اہم کردار کون سا ہے۔ واضح کیجئے۔

9 - ڈراما "ہیروئن کی تلاش" میں مُصنّف کیا کہنا چاہتا ہے۔ وضاحت سے لکھئے۔ 10

یا

ڈراما "ہیروئن کی تلاش" میں شیو چرن کا کردار، کیا لوگوں کی ہمدردیاں حاصِل کر پایا ہے۔ مُدلّل لکھیئے۔